Enheten för flerspråkighet, EFF

کے اہداف ہیں

میونسپل اور نجی دونوں قسم کے سکولوں کی سرگرمیاں

سیکنڈری، اسپیشل سیکنڈری، ہائر سیکنڈری اور اسپیشل ہائر سیکنڈری سکولوں میں مادری زبان کی تعلیم

پری اسکول میں مادری زبان میں معاونت

مادری زبان میں مطالعاتی رہنمائی

مادری زبان میں تعارفی معاونت

مادری زبان میں (نووارد طلبہ کی) علمی سطح کی جانچ

مادری زبان کے مضمون یا کورس کا امتحان

Enheten för flerspråkighet
flersprakighet@uppsala.se
018-727 20 26
Uppsala kommun

مادری زبان کی تعلیم

flersprakighet.uppsala.se

Uppsala kommun

تدریس کا اہتمام یوں کیا جاتا ہے۔

اپسالا میں مادری زبان کی تدریس سکول کے اوقات کار سے الگ ہوتی ہے۔ کلاس کا اہتمام بھی معمول کے لیکچرز سے الگ بلکہ اکثر دن کے اختتام پر ہوتا ہے۔ کلاس پنجم تک کے طلبہ کی کلاس ان کے سکول میں ہی ہوتی ہے۔ کلاس ششم تا نہم کے طلبہ دوپہرکے بعد یا شام کو ایک نامزد سکول میں ایک مشترکہ گروپ میں جمع ہوتے ہیں۔ ہرطالب علم خود نامزد سکول تک پہنچتا ہے۔ اگر طالب علم کے پاس بس کارڈ نہ ہو تو مادری زبان کے متعلقہ استاذ اس کو بس کا ٹکٹ دے دیتے ہیں۔

مزیدمعلومات

ای ایف ایف کی ویب سائیٹ پر آپ کو اپسالہ میں مادری زبان کی تعلیم کے بارے مزید معلومات مل جائیں گی

flersprakighet.uppsala.se

Enheten för flerspråkighet (EFF) samordnar modersmåls-undervisningen i Uppsala

بنیادی علم

اقلیتی زبانوں کے علاوہ تمام زبانوں کے لیے بنیادی علم ضروری ہے۔ استاد تدریس کے آغاز میں طالب علم کے بنیادی علم کا اندازہ لگاتا ہے۔ سننے اور بولنےکی ,صلاحیت دونوں کو جانچا جاتا ہے۔ بنیادی علم کیا ہے اس کے بارے میں معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

درخواست دینے کا طریقہ

درخواست گزار طالب علم کا سرپرست ہوگا/گی۔ فارم اسکول اور ای ایف ایف کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔

فارم پُر کریں، دستخط کریں اور طالب علم کے اسکول میں جمع کرائیں۔ پرنسپل کی منظوری کے بعد اسکول درخواست ای ایف ایف کو 15 جون سے پہلے بھیجے گا۔

پندرہ جون کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں کی منظوری کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔

کون کون مادری زبان کا مضمون پڑھ سکتا ہے؟

نوٹ: قومی اقلیتی زبانوں پر یہ اصول لاگو نہیں ہوتا

ایک طالب علم جس کے کسی ایک سرپرست کی مادری زبان سویڈش کے علاوہ ہو، تووہ مادری زبان پڑھ سکتا ہے، اگر

زبان طالب علم کے گھر میں روزمرہ کے رابطے کی زبان ہے، اور
طالب علم کو زبان کی بنیادی سمجھ بوجھ ہے
(مطلب یہ کہ) طالب علم زبان بول اورسمجھ سکتا ہے۔

تدریس مادری زبان میں ہوگی اور قومی نصابی پلان کے مطابق ہوگی۔

قومی اقلیتی زبانیں

سویڈن میں درج ذیل زبانیں اقلیتی زبانیں ہیں

فینش، مینکیلی، سامی، رومانی اور یدش۔

قومی اقلیتی زبان کو پڑھنے کی اجازت کے لیے آپ کا تعلق اقلیتی گروپ سے ہونا چاہیے۔ طالب علم کو گھر میں یہ زبان بولنے یا اس کا بنیادی علم رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (اس کے) دو نصاب ہیں اور درخواست میں آپ یہ انتخاب کرتے ہیں کہ طالب علم کو مادری زبان بولنے والے کے طور پر پڑھنا ہے یا بالکل آغاز سے۔